Ahmadiyya Muslim Jamaat
Deutschland

In Zusammenarbeit mit

MAMO Medizinische Ahmadiyya Muslim Organisation | An-Nusrat e.V. Islamischer Wohlfahrtsverband | Humanity First Serving Mankind

احباب جماعت کے لئے ضروری ہدایات

Coronavirus Infoblatt Nr. 3

پیارے ممبران جماعت،

السلام علیکم ورحمتہ اللہ وبرکاتہ!

موجودہ حالات میں Coronavirus کے پیش نظر جرمنی کی وفاقی حکومت نے تمام صوبوں کی حکومتوں کے ساتھ مل کر یہ فیصلہ کیا ہے کہ جرمنی بھر میں تمام اجتماعات (Gatherings) منع کردی جائیں۔(پریس ریلیز وفاقی حکومت جرمنی بتاریخ 16 مارچ 2020)۔ اس ہدایت سے تمام عبادت گاہیں، مثلاً یہودی معابد، گرجے اور مساجد، متاثر ہیں۔

حکومت کی اس ہدایت کے پیش نظر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی خدمت میں راہنمائی کی درخواست کی گئی۔حضور انور نے ارشاد فرمایا ہے کہ اگر یہ حکومت کی ہدایت ہے تو اس پر عمل کریں۔

اس ہدایت کے پیش نظر فوری طور پر تمام مساجد اور نماز سینٹرز میں نماز باجماعت اور نماز جمعہ ادا نہ کی جائے۔اپنے اپنے پرائیویٹ نماز سینٹرز کھولنے کی بھی اجازت نہیں ہے۔
اس کے باوجود مساجد کھلی رہیں گی، سوائے اس کے کہ مقامی حکومت کوئی اور فیصلہ کرے۔

یہ امر ہمارے لئے نہایت تکلیف کا باعث ہے کہ ہمیں اس مجبوری کے پیش نظر اپنی مساجد اور نماز سینٹرز میں باجماعت نمازیں ادا کرنے کی اجازت نہیں ہے۔تمام احباب اپنے اپنے گھروں میں اپنی فیملیوں کے ہمراہ باجماعت نمازیں ادا کریں اور ہمارے پیارے آقا کی ہدایات کے پیش نظر خصوصاً دعاؤں کی طرف توجہ کریں۔اللہ تعالیٰ ہم سب کو اپنی حفاظت میں رکھے۔آمین

والسلام
خاکسار
عبداللہ واگس ہاؤزر (امیر جماعت احمدیہ جرمنی)

تمام متعلقہ جماعتی معلومات آپ کو اس ویب سائیٹ سے ملیں گی:

http://corona.ahmadiyya.de

برائے مہربانی صرف وہی انفارمیشن آگے شیئر کریں، جو آپ کو اس ویب سائیٹ سے دی جائے۔

Ahmadiyya Muslim Jamaat Deutschland KdöR | Genfer Straße 11 - 60437 Frankfurt a.M. | Hotline: 069/509 837 01 | E-Mail: coronainfo@ahmadiyya.de

احباب جماعت کے لئے ضروری ہدایات

Coronavirus Infoblatt Nr. 3

وفاقی حکومت کے اعلانات

(پریس ریلیز وفاقی حکومت جرمنی بتاریخ 16 مارچ 2020)

وہ ادارے جو کھلے رہیں گے:

- پٹرول پمپ / گیس اسٹیشن
- سروس فراہم کرنے والے ادارے
- تمام میڈیکل سہولیات کے ادارے
- پوسٹ
- ہول سیل
- فارمیسی
- سپر مارکیٹیں
- ہفتہ وار مارکیٹس
- بینک

وہ ادارے جو بند رہیں گے:

- سوئمنگ پول
- کھیل کے میدان
- سینما گھر
- کھیلوں کے ادارے / کلب
- تھیٹر
- میوزیم

مندرجہ ذیل اجتماعات کی ممانعت ہے:

- کلب (فرآئین)، فولکس ہوخ شولے
- مساجد، گرجا گھر، یہودیوں کے معابد: ہر قسم کے مذہبی و غیر مذہبی اجتماعات منعقد کرنے پر پابندی رہے گی

Ahmadiyya Muslim Jamaat Deutschland KdöR | Genfer Straße 11 - 60437 Frankfurt a.M. | Hotline: 069/509 837 01 | E-Mail: coronainfo@ahmadiyya.de